**رہبر معظم کے نمائندوں کا صوبہ قم کے مختلف شہروں کا دورہ - 26 /Oct/ 2010**

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے دورہ قم کے دوران رہبر معظم انقلاب اسلامی کی نمائندگي میں حجۃ الاسلام والمسلمین رسولی محلاتی نے صوبہ قم کے مختلف شہروں کا دورہ کیا اور ان شہروں کے عوام تک رہبر معظم انقلاب اسلامی کا گرم سلام پہنچایا۔

حجۃ الاسلام والمسلمین رسولی محلاتی صوبہ قم کے جعفر یہ ، کہک، حاجی آباد، دستجرد اور سلفچگانشہروں میں عوام کے مختلف طبقات میں حاضر ہوئے اور ان شہروں کے حکام کی موجودگی میں عوامی مشکلات و مسائل کا جائزہ لیا اور انھوں نےمذکورہ شہروں میں شہداء کے مزار پر حاضر ہوکر فاتحہ خوانی بھی کیے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی کی نمائندگی حجۃ الاسلام والمسلمین رحیمیان نے بھی قم میں معذور اور بوڑھے افرادکی حفاظت اور نگہداشت کے سینٹر میں پہنچ کررہبر معظم انقلاب اسلامی کاانھیں سلامپہنچایا اور ان کی عزت و تکریم کی ۔